**07.02.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..................ماجد علی

**Music**

---------------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ کے درمیان عبوری تجارتی سمجھوتے کے فریم ورک سے دونوں ملکوں کے درمیان بڑھتے ہوئے رشتوں، اعتماد اور جوش و خروش کا اظہار ہوتا ہے۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ اِس سمجھوتے سے کسانوں اور صنعتکاروں سمیت بھارت کے مختلف شعبوں میں نئے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔

☆ وزیراعظم مودی کا آج سے ملیشیا کا دو روزہ دورہ شروع ہورہا ہے۔ اِس موقع پر دونوں ملک اقتصادیات، سلامتی اور دفاع کے میدانوں میں تعاون اور اشتراک بڑھانے پر توجہ مرکوز کریں گے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے چھتیس گڑھ میں جگدلپور میں قبائلی افراد کے ثقافتی فیسٹول **Bastar Pandum-2026** کا افتتاح کیا ہے۔

☆ داعش نے گل اسلام آباد کی ایک مسجد میں مہلک اور جان لیوا دھماکے کی ذمے داری قبول کی ہے۔

☆ بھارت کے کرکٹ بورڈ نے 19سال تک کی عمر کے مردوں کی عالمی کپ جیتنے والی ٹیم کیلئے ساڑھے سات کروڑ روپے کے انعام کا اعلان کیا ہے۔

☆ کولمبو میں **ICC** مردوں کے ٹی ٹوینٹی عالمی کپ **2026** کی شروعات ہوگئی ہے۔ ٹورنامنٹ کے پہلے میچ میں نیدرلینڈ نے پاکستان کو جیت کیلئے **148** رن کا نشانہ دیا ہے۔

-------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM-India US Deal**

وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت اور امریکہ کے درمیان عبوری تجارتی سمجھوتے کے فریم ورک کو ایک بڑی خبر بتایا اور انہوں نے دونوں ملکوں کے درمیان روابط کو بہتر بنانے کی خاطر ذاتی دلچسپی لینے کیلئے امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا شکریہ ادا کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ یہ فریم ورک بھارت-امریکہ ساجھیداری کے بھروسے اور اس میں بڑھتی ہوئی گہرائی کو ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ فریم ورک بھارت کے محنت کش کسانوں، **Entrepreneurs**، **MSMEs**، اسٹارٹ اَپ، اختراع کاروں، ماہی گیروں اور دوسرے لوگوں کیلئے نئے مواقع کھول کر میک اِن انڈیا ویژن کو تقویت بخشے گا۔ جناب مودی نے کہا کہ اس خواتین اور نوجوانوں کیلئے بڑے پیمانے پر روزگار پیدا ہوگا۔

وزیراعظم نے کہا کہ بھارت اور امریکہ، اختراع کو فروغ دینے کا مشترکہ عزم رکھتے ہیں اور فریم ورک ٹیکنالوجی میں ساجھیداری اور سرمایہ کاری میں مزید بہتری لائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ فریم ورک لچکدار اور بھروسے مند سپلائی کے سلسلے کو استحکام

بخشے گا اور عالمی ترقی میں تعاون پیش کرے گا۔×

### India US Deal

بھارت اور امریکہ، دوطرفہ اور باہمی فائدے والی تجارت کیلئے ایک عبوری معاہدے کے فریم ورک پر رضامند ہو گئے ہیں۔ کامرس اور صنعت کی وزارت نے بھارت-امریکہ مشترکہ بیان کو جاری کیا، جس میں کہا گیا ہے کہ یہ فریم ورک بھارت-امریکہ باہمی تجارت سمجھوتے کی بات چیت کی توثیق کرتا ہے۔ مشترکہ بیان کے مطابق امریکہ میں، بھارتی اشیاء پر، جو محصول عائد ہے، اُس میں کمی کر کے 18 فیصد کر دے گا۔ بھارت-امریکہ کی صنعتی مصنوعات اور امریکہ کی غذائی اور زرعی مصنوعات پر ٹیرف میں کمی کرے گا یا بالکل ختم کردے گا۔

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور BJP کے صدر نتن نوین نے بھارت-امریکہ عبوری تجارتی سمجھوتے کو بھارت کے اقتصادی سفر میں ایک اہم سنگ میل بتایا۔×

### Jaishankar-Indua-US

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کہا ہے کہ عبوری سمجھوتے پر بنایا گیا فریم ورک بھارت-امریکہ تجارتی ساجھیداری میں باہمی فائدوں کو حقیقت میں تبدیل کردے گا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ یہ فریم ورک بھارتی برآمد کاروں کیلئے بڑے بازاروں تک رسائی کے مواقع کو کھولنے کو یقینی بنائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس نئے اقدام سے میک اِن انڈیا ویژن کو مزید فروغ ملے گا۔×

### Shivraj-India US Deal

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے بھارت-امریکہ عبوری تجارتی سمجھوتے کی یہ کہتے ہوئے تعریف کی ہے کہ یہ سمجھوتہ بھارتی کسانوں کی مکمل حفاظت کرے گا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب چوہان نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ کسانوں کو ڈیری مصنوعات، دالوں اور سبزیوں کی پیداوار میں حفاظت دی گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسانوں کے مفادات اولین ترجیح رکھتے ہیں۔×

### Gadkari Ind-US Agreement

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ کے درمیان عبوری تجارتی سمجھوتہ دونوں ملکوں کے کلیدی اور اقتصادی ساجھیداری کو مستحکم کرنے میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب گڈکری نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی اور امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی دوراندیش قیادت میں اِس سمجھوتے کے فریم ورک سے دونوں ملکوں کے بڑھتے ہوئے اعتماد اور بھروسے کا اظہار ہوتا ہے۔×

### Sergio-India-US Joint Statement

بھارت میں امریکہ کے سفیر Sergio Gor نے تجارت اور اقتصادی تعاون پر بھارت-امریکہ کے مشترکہ بیان پر امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور وزیراعظم نریندر مودی کو مبارک باد پیش کی۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس کی ایک پوسٹ میں، انہوں نے مشترکہ بیان جاری کرنے پر دونوں لیڈروں کے ویژن اور لیڈر شپ کو سراہا اور اِس کو باہمی تعلقات میں ایک نئے دور کا آغاز

بتایا۔ اُدھر امریکہ کے تجارتی نمائندے کے سفیر Jamieson Greer نے کہا ہے کہ اس سمجھوتے سے، خاص طور سے امریکہ کے مزدوروں، کسانوں اور پیداوار کرنے والوں کو فائدہ ہوگا، کیونکہ امریکہ کی سبھی صنعتی مصنوعات اور زرعی مصنوعات پر ٹیرف کم ہوجائے گا۔×

**PM-Malaysia**

وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح ملیشیاء کے دو روزہ دورے پر روانہ ہو گئے۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ ملیشیا کے وزیراعظم انورابراہیم کے ساتھ بات چیت میں، دفاع اور سلامتی کے تعلقات میں گہرائی لانے، معیشت اور اختراعی شراکت داری میں اضافہ کرنے، نیز باہمی مفاد کے اُبھرتے ہوئے میدانوں میں تعاون کو توسیع دینے کے موضوعات پر توجہ دی جائے گی۔

اپنے دورے کے دوران وزیراعظم مودی آج کولالپور میں Selamat Datang Modi ji کے نام کی ایک تقریب میں شرکت کریں گے۔ اس تقریب میں بھارتی برادری کے تقریباً 15 ہزار ممبران کے شرکت کرنے کی توقع ہے۔ اس پروگرام کو وزیراعظم نریندر مودی اور ملیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم مشترکہ طور پر خطاب کریں گے۔

اس سے دونوں ملکوں کے درمیان باہمی رشتوں میں گہرائی اور گرمجوشی کا اظہار ہوتا ہے۔

انہوں نے کہا کہ ملیشیاء کی ترقی میں اِس برادری کا زبردست تعاون ہے اور یہ برادری دونوں ملکوں کے درمیان ایک پُل کا رول ادا کرتی ہے، جس سے دونوں ملکوں کے درمیان تاریخی دوستی کو ایک مضبوط بنیاد فراہم ہوتی ہے۔×

**Prez Chaattisgarh Visit**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے چھتیس گڑھ میں بستر کے ڈویژنل صدر دفتر جگدلپور میں قبائلی افراد کے ثقافتی فیسٹول Bastar Pandum-2026 کا افتتاح کیا ہے۔ اِس کا افتتاح کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ بستر کے عوام کیلئے یہ بڑی دھوم دھام اور مسرت کا دن ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اِس فیسٹول سے ملک اور پوری دنیا کو بستر خطے کے مالا مال قبائلی ثقافت کی جھلک دیکھنے کا موقع ملتا ہے۔

**1400 President Culture**

اِس موقع پر چھتیس گڑھ کے گورنر Ramen Deka اور وزیراعلیٰ وشنو دیو Sai بھی موجود تھے۔ بستر Pandum فیسٹول قبائلی افراد کی روایات، لوک آرٹ اور اُن کے روایتی طرزِ زندگی پر مشتمل ہوتا ہے۔

یہ فیسٹول مقامی کاریگروں کو ایک پلیٹ فارم فراہم کرنے کے علاوہ نوجوان نسل کو ثقافتی جڑوں سے جوڑنے کا ایک اہم موقع فراہم کرتا ہے۔×

**Amit Shah Visit-Chhattisgarh**

امدادِ باہمی اور داخلی امور کے مرکزی وزیر امت شاہ چھتیس گڑھ کے تین روزہ دورے پر آج شام رائے پور پہنچیں گے۔ اپنے دورے کے دوران جناب شاہ ریاست میں داخلی سلامتی اور بائیں بازو کی انتہاپسندی کی صورتحال کا جائزہ لیں گے اور رائے پور اور جگدل پور میں مختلف پروگراموں میں شرکت کریں گے۔ طے شدہ پروگرام کے مطابق، جناب شاہ آج شام رائے پور میں سینئر افسران کے ساتھ اہم میٹنگ کریں گے، جس میں ریاست سے متعلق مختلف انتظامی اور سلامتی کیلئے تشویشناک موضوعات پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ کل 8 فروری کو جناب شاہ رائے پور میں بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متعلق اعلیٰ سطحی سکیورٹی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

میٹنگ میں مرکزی اور ریاستی حکومتوں کے سینئر افسران اور سکیورٹی ایجنسیوں کے نمائندے شرکت کریں گے۔ جناب شاہ 8 فروری کو رائے پور میں منعقد ہورہے قومی کانکلیو میں بھی حصہ لیں گے۔ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ 9 فروری کو جگدل پور میں بستر Pandum میلے کی اختتامی تقریب میں بھی شرکت کریں گے۔x

**Rev-IS-Pak Attack**

اسلامک اسٹیٹ IS گروپ نے پاکستان کی راجدھانی اسلام آباد کی ایک مسجد میں ہوئے خودکُش دھماکے کی ذمہ داری لی ہے۔ کل جمعہ کی نماز کے دوران ہوئے اس دھماکے میں کم از کم 31 افراد ہلاک اور 170 زخمی ہوگئے تھے۔ ٹیلی گرام چینل پر ایک بیان جاری کرتے ہوئے اسلامک اسٹیٹ نے اس حملے کی ذمہ داری لی۔

ملی ٹینٹ گروپ نے ایک تصویر بھی شائع کی ہے، جس میں حملہ آور کو بندوق کے ساتھ دکھایا گیا ہے۔ اُس کا چہرہ چھپا ہوا ہے اور اُس کی شناخت سیف اللہ انصاری بتائی گئی ہے۔ گروپ نے دعویٰ کیا ہے کہ یہ حملہ نظریاتی اختلافات کے خلاف جاری تحریک کا ایک حصہ ہے۔ اس حملے کو پاکستان کی راجدھانی میں 2008 میں Marriott ہوٹل پر ہوئے بم دھماکے کے بعد سے سب سے زیادہ تباہ کُن بتایا جارہا ہے۔x

**BCCI Reward U19 Cricket**

BCCI نے مردوں کے انڈر-19 کرکٹ عالمی کپ جیتنے والی ٹیم، تکنیکی عملے اور سلیکشن کمیٹی کو ساڑھے سات کروڑ روپے انعام دینے کا اعلان کیا ہے۔ کل ہرارے کے ہرارے اسپورٹس کلب میں بھارت نے انگلینڈ کو 100 رن سے ہراکر ICC انڈر-19 کرکٹ عالمی کپ جیتا تھا۔x

**ICC T20 WC**

کولمبو میں ICC مردوں کا ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ 2026 آج سے شروع ہو گیا ہے۔ ٹورنامنٹ کے پہلے میچ میں پاکستان کی جیت کیلئے نیدرلینڈ نے 148 رن کا نشانہ رکھا۔ نیدرلینڈ کی پوری ٹیم 19 اوورز اور پانچ گیندوں میں 147 رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

اب سے کچھ دیر پہلے تک پاکستان نے پانچ وکٹ پر 107 رن بنالئے تھے۔ ابھی 13.1 اوورز کا کھیل ہوا ہے۔

اِس سے پہلے پاکستان نے ٹاس جیتا اور گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ ایک مہینے طویل یہ ٹورنامنٹ اگلے مہینے کی آٹھ تاریخ تک جاری رہے گا۔ بھارت اور سری لنکا اِس ٹورنامنٹ کی میزبانی کررہے ہیں اور ٹورنامنٹ کے دوران 20 بین الاقوامی ٹیمیں 55 میچ کھیلیں گی۔

دوسرا میچ سہ پہر تین بجے کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں ویسٹ انڈیز اور اسکاٹ لینڈ کی درمیان ہوگا۔ دفاعی چمپئن بھارت کا مقابلہ آج شام سات بجے ممبئی کے وانکھڑے اسٹیڈیم میں امریکہ سے ہوگا۔x

☆☆☆☆☆